36438 ـ حج تمتع کی نیت کی لیکن صرف عمرہ کرکے واپس چلا گیا

سوال

میں نے حج تمتع کا احرام باندھا اورپھر شدید ازدحام دیکھا توعمرہ کرکے حج ادا کیے بغیر ہی واپس چلا گیا توکیا مجھ پرکوئي چیزلازم آتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگرتوآپ پہلے فریضہ حج ادا کرچکے ہیں توپھرآپ پرکچھ لازم نہیں آتا ، لیکن اگرآپ نے پہلے فریضہ حج ادا نہیں کیا توآپ پرواجب تھا کہ آپ وہیں رہتے اورفریضہ حج کی ادائیگي کرتے ، اورآپ کوچاہیے کہ آپ جب بھی استطاعت رکھیں حج کرنے میں جلدی کریں ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

جب حج تمتع کرنے والا شخص عمرہ کا احرام باندھ لے اورعمرہ سے فارغ ہوجائے اورپھروہ حج کا احرام باندھنے سے قبل حج نہ کرنے کی نیت کرلے تواس پرکچھ لازم نہیں آتا ، لیکن جب وہ نذر مان لے ، اوراگر اس نے یہ نذر مان رکھی ہو کہ وہ اس برس حج کرے گا تواسے یہ نذر پوری کرنی ہوگي ۔

اوراگرنذرکے بغیر ہوتوعمرہ ادا کرنے کے بعد حج ترک کرنے میں کوئي حرج نہیں ۔ اھ .